© rasailojaraid.com



بڑھا تو طبیعت میں بھر پور مسرتوں کی لہر دوڑ گئی۔ تاریخ اسلام اور شہنشاہیت کے بارے میں اس کے تقاضے عالمگیر سبق ہے، اللہ آپ کو اجر عظیم عطا فرما دے۔ (فردوس بک ڈپو۔ احمد پور شرقیہ)

---

الحق کا تازہ شمارہ نظر سے گذرا۔ اداریہ میں حق پسندی اور حق بیانی کا جو حق ادا کیا گیا ہے۔ اس کو پڑھ کر دل سے دعائیں نکلیں۔ اس فتنہ پرداز گروہ کی مزید سختی کے ساتھ خبر لینے کی ضرورت ہے جو مصر کے خلاف غیر مصدقہ اور فرضی روایات کی بنا پر تو آسمان سر پر اٹھائے پھرتا تھا۔ اور اب بالکل واضح حقیقت کو دیکھ کر ان کی زبانیں گنگ اور قلم خشک ہیں۔ ڈھٹائی ان سبائیت جدیدہ کے داعیوں پر ختم ہے۔ (ارشاد احمد علوی ایم اے۔ رحیم یار خان)

---

**ہماری دینی درسگاہیں** جناب کا مضمون دیکھ کر ایسا معلوم ہوا کہ دل کی ترجمانی ہو رہی ہے۔ ہماری دینی درسگاہوں کے نصاب میں جاندار قسم کی تبدیلی اور دیگر اصلاحات کی بڑی ضرورت ہے اور پورے ملک کے ارباب علم و فکر کے لئے غور و فکر کا مقام ہے۔ (امیر حسین جیلانی۔ اوکاڑہ)

---

**آہ قاری عبدالعزیز شوقی**؎ مولانا مرحوم فاضل دیوبند و سہارنپور تھے، بہترین شاعر و ادیب بھی تھے۔ سہ روزہ دعوت کے ایڈیٹر اور مسلم مسجد لاہور کے شیخ التجوید بھی رہے۔ تنظیم اہل سنت کی تشکیل میں آپ کا اہم حصہ تھا۔ پچھلے ۱۵ سال سے دار العلوم الاسلامیہ لاہور کے صدر مدرس تھے۔ ۹ شعبان ۱۳۹۱ھ اپنی رہائش گاہ سانده کلاں لاہور میں انتقال فرما گئے۔ (حبیب الرحمان دار العلوم الاسلامیہ۔ لاہور)

---

**الجامعہ کا اتحاد عالم اسلام نمبر** ملت اسلامیہ کا شیرازہ بکھر جانے سے جو ملکی، ملی اور دینی ناقابل تلافی نقصان ہوا ہے۔ یقیناً آپ سے مخفی نہیں۔ اتحاد بین المسلمین اور اتحاد عالم اسلام جامعہ محمدی کے عزائم میں شامل ہے۔ اس شدید ضرورت کیلئے عنقریب ماہنامہ الجامعہ کا ایک ضخیم ایڈیشن "اتحاد عالم اسلام نمبر" شائع کیا جا رہا ہے جس میں ملک بھر کے مشاہیر کے علاوہ اسلامی ممالک کی بلند پایہ شخصیتوں کے رشحات قلم بھی شامل ہوں گے۔ (احمد خان عرفانی ایڈیٹر الجامعہ جھنگ)

---

**طب مشرقی کے خلاف سازشیں** جناب محترم! مجھے اندازہ نہیں ہے کہ آپ کے نقوش ذہن پر

© rasailojaraid.com